# نورالایضاح

درجہ ثانیہ

•کثیر الانتخابی سوالات 40٪ •مختصر سوالات مع جوابات 80٪ • تفصیلی سوالات 80٪

استادِ محترم مولانا ابوبکر المدنی صاحب

ماڈل جامعۃ المدینہ نیو سول لائن

(فیصل آباد)

# نورالایضاح

(معروضی سوالات)

**استاذِ محترم: ابوبکر مدنی صاحب** **ماڈل جامعۃ المدینہ نیو سول لائن فیصل آباد**

نام طالبِ علم:________ درجہ (ثانیہ):________

**2022**

(1) مغرب کے بعد کی دو رکعت سنتوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

1: سنت غیر مؤکدہ 2: سنت مؤکدہ ✔ 3: واجب 4: فرض

(2) سنت مؤکدہ رکعتوں کی تعداد ہے؟

1: دس 2: بیس ✔ 3: اٹھارہ 4: چودہ

(3) صلاۃ الاوابین کے نوافل کب ادا کیے جاتے ہیں؟

1: ظہر کے بعد 2: مغرب کے بعد ✔ 3: عشاء کے بعد 4: فجر کے بعد

(4) دن میں ایک سلام کے ساتھ کتنے سے زیادہ نفل پڑھنا مکروہ ہے؟

1: دو 2: چار ✔ 3: آٹھ 4: بارہ

(5) چار رکعت والی سنت مؤکدہ میں تیسری رکعت میں نہ لائے؟

1: سورت فاتحہ 2: دعا استفتاح ✔ 3: سورت اخلاص سے 4: قومہ

(6) امام اعظم کے نزدیک دن میں کتنے سے زیادہ نفل پڑھنا مکروہ ہے؟

1: دو سے 2: چار سے ✔ 3: بارہ سے 4: آٹھ سے

(7) نوافل کے بارے میں مفتی بہ قول ہے؟

1: امام اعظم کا 2: امام مالک کا 3: صاحبین کا ✔ 4: امام شافعی کا

(8) تحیۃ المسجد کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

1: سنت ✔ 2: مستحب 3: فرض 4: واجب

(9) تحیۃ الوضو کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

1: سنت 2: فرض 3: واجب 4: مستحب ✔

(10) صلاۃ اللیل سے مراد ہے؟

1: مغرب کی نماز 2: فجر کی نماز 3: رات کی نماز ✔ 4: عشاء کی نماز

(11) رمضان کے آخری عشرے کی راتوں کو جاگنا کیا ہے؟

1: سنت 2: مستحب ✔ 3: واجب 4: فرض

(12) پندرہ شعبان کو اجتماعی طور پر جاگ کر عبادت کرنا کیا ہے؟

1: سنت 2: مکروہ ✔ 3: فرض 4: مستحب

(13) نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے والا تشہد کی طرح بیٹھے گا ......قول کے مطابق؟

1: صحیح 2: مختار ✔ 3: اظہر 4: ضعیف

(14) نوافل راتبہ سے کیا مراد ہے؟

1: سنت غیر مؤکدہ 2: فرض 3: سنت مؤکدہ ✔ 4: واجب نماز

(15) رات کی نماز افضل ہے؟

1: فجر کی نماز سے 2: اشراق کی نماز سے 3: دن کی نماز سے ✔ 4: استخارہ کی نماز سے

(16)" السرج"کا معنی ہے؟

1: رکاب 2: لگام 3: زین ✓ 4: سورج

(17) خالی جگہ پر کریں۔" ولا تصح صلاۃ الماشی.......؟"

1: بالاتفاق 2: بالا اولی 3: بالاجماع ✓ 4: بالاختلاف

(18) فرض یا واجب نماز سواری پر پڑھنا .....؟

1: صحیح ہے 2: صحیح نہیں ✓ 3:کراہت ہے 4: سنت ہے

(19) سواری پر فرض یا واجب نماز پڑھ سکتا ہے؟

1: شوق سے 2: ڈر سے 3: عذر سے ✓ 4:ویسے ہی

(20) الصلاۃ.....المحمل علی الدابۃ؟

1: علی 2: من 3: فی ✓ 4: حتی

(21) کشتی میں نماز پڑھنے والے کا چہرہ ہوگا؟

1: کشتی کی طرف 2 قبلہ کی طرف ✓ 3: پانی کی طرف 4: زمین کی طرف

(22)" دوران الراس" کا معنی ہے؟

1: سر دھکنا 2: سر چکرانا ✓ 3:سر گھومنا 4:سر پکڑنا

(23) اگر کشتی کنارے پر باندھی ہوئی ہے تو اس میں بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟

1: بالاتفاق ✓ 2: بالاجماع 3: بالشک 4: بالاختلاف

(24) نماز تراویح کی کتنی رکعتیں ہیں؟

1: دس 2: بیس ✓ 3: اٹھارہ 4: تیس

(25) لجتہ کا معنی؟ 1: لنگر ✓ 2: کنارا 3: کشتی 4:سمت

(26) تراویح کی جماعت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

1: واجب 2: سنت غیرمؤکدہ 3: سنت کفایہ ✓ 4: فرض

(27) تراویح کو کتنی دیر تک موخر کرنا مستحب ہے؟

1: ایک رات تک 2: دو راتوں تک 3: تہائی رات تک ✓ 4: مکمل رات تک

(28) تراویح میں ترویحہ کتنی رکعتوں بعد ہوتا ہے؟

1: دو 2: تین 3: چار ✓ 4: چھ

(29) ایک بار قرآن مجید ختم کرنا سنت ہے کس مہینے؟

1: ذالج 2: شوال 3: رمضان ✓ 4: ربیع الاول

(30) اگر نماز تراویح میں قوم ناراض ہوتی ہے تو امام کیا چیز ترک کر سکتا ہے؟

1: ثناء 2: رکوع سجود 3: درود شریف 4: دعا ✓

31: "الخفض"کا معنی ہے؟

1: اشارہ 2: جھکنا ✓ 3: بیٹھنا 4: لیٹنا

(32) وتروں کو تراویح سے پہلے پڑھنا ہے؟

1: صحیح ہے ✓ 2: سنت ہے 3: گناہ ہے 4: اختلاف ہے

(33) کعبہ کی چھت پر نماز پڑھنا صحیح ہے لیکن......ہے؟

1: گناہ ہے 2: سنت 3: مکروہ تنزیہی ✓ 4: مکروہ تحریمی

(34) سفر میں کس کی نیت کا اعتبار ہوگا؟

1: تابع 2: متبوع ✓ 3: بچہ 4: لشکر

(35)" تحلقا "کا معنی ہے؟

1: گھومنا 2: حلقہ بنانا ✓ 3: دائرہ بنانا 4: لیٹنا

(36) سفر کے کم سے کم کتنے دن کی مقدار ہے جس سے احکام تبدیل ہو جاتے ہیں؟

1: پندرہ دن 2: دس دن 3: تین دن ✓ 4: پانچ دن

(37) کتنی رکعت والی نماز میں مسافر قصر کرے گا؟

1: دو 2: چھ 3: چار✔ 4: بیس

(38) "مزرعۃ" کا معنی ہے ؟

1: گاؤں 2: کھیت✔ 3: سڑک 4: میدان

(39) "العَدُّ" کا معنی ہے؟

1: ڈھالنا 2: تیار کرنا✔ 3: گننا 4: سہولت

(40) سفر کی نیت کے صحیح ہونے کے لیے کتنی شرطیں ہیں؟

1: دو 2: تین✔ 3: چار 4: پانچ

(41) " مفازۃ" کا معنی ہے؟

1: گھر 2: گاؤں 3: جنگل✔ 4: بستی

(42)وطن اصلی باطل ہو جاتا ہے؟

1:وطن اقامت سے 2: وطن السکنی سے 3: وطن اصلی سے✔ 4: وطن سفر سے

(43) جس جگہ میں پیدائش ہوئی یا نکاح کر لیا ہو یا نکاح تو نہیں کیا مگر اسی جگہ زندگی بسر کرنے کا ارادہ کر لیا ہو نہ کہ اس سے کوچ کرنے کا۔ یہ تعریف ہے؟

1: وطن اصلی کی✔ 2: وطن اقامت کی 3: وطن السکنی کی

(44)"تعسر" کا معنی ہے؟

1: آسانی 2: مصیبت 3: آرام 4: مشکل✔

(45) اگر کوئی مریض تھوڑی دیر قیام پر قادر ہے تو اتنی دیر نماز پڑھے؟

1: کھڑے ہو کر✔ 2: بیٹھ کر 3: لیٹ کر 4: جس طرح چاہے

(46) "وِسَادَۃٌ" کا معنی ہے؟

1:ڈھول 2: تکیہ✔ 3: گاڑی 4: میز

(47) اگر مریض بیٹھ کر نماز پڑھنے سے بھی عاجز آجائے تو کس طرح پڑھے گا؟

1: بیٹھ کر 2: کھڑے ہو کر 3: لیٹ کر✔ 4: سو کر

(48) اگر مریض قیام پر قادر ہے اور رکوع وسجود سے عاجز ہے تو کس طرح نماز پڑھے گا؟

1: کھڑے ہو کر 2: بیٹھ کر اشارے سے✔ 3: لیٹ کر اشارے سے 4: جس طرح چاہے

(49) اگر کسی شخص پر نمازیں قضاء تھی تو اس کا ولی فدیہ نکالے گا؟

1: نہیں نکالے گا 2: سارے مال سے 3: تہائی مال سے✔ 4: آدھے مال سے

(50)جُرِّجَ صیغہ ہے؟

1: واحد مؤنث 2: ماضی معروف 3: ماضی مجہول✔ 4: مضارع کا

(51) اذا مات المریض ولم یقدر علی صلاتہ.......؟

1: بالاتفاق 2:بالایماء✔ 3: بالاحرج 4: بالارواج

(52) ایک نماز اور ایک روزے کا فدیہ کتنا نکالے گا اس کا ولی؟

1: دو صاع گیہوں کا یا اس کی قیمت 2: پانچ صاع گیہوں کا یا اس کی قیمت3: آدھا صاع گیہوں کا یا اس کی قیمت✔

(53) اگر مرنے والے کی طرف سے اس کا ولی روزہ رکھے یا نماز پڑھے تو......ہے؟

1: صحیح 2: مکروہ تحریمی 3: مکروہ تنزیہی 4: صحیح نہیں✔

(54) اگر وہ مال پورا نہ ہو جس کی وصیت کی تھی مرنے والے نے تو کیا کیا جائے گا؟

1: حلالہ 2: حیلہ✔ 3: ادا نہ کرے 4: کسی سے مانگے

(55)نماز اور روزہ کا فدیہ ایک ہی فقیر کو دینا.....ہے؟

1: ناجائز 2: مکروہ 3: جائز✔ 4: حرام

(56) قضاء نماز اور وقتیہ نمازوں میں اور چند قضاء نمازوں میں ترتیب.........ہے؟

1: لازم✔ 2: فرض 3: واجب 4: سنت

(57) کتنی چیزوں سے ترتیب ساقط ہو جاتی ہے؟

1: دو 2: چھ 3: چار 4: تین✔

(58) ترتیب ساقط ہونے کے لیے نمازوں کی تعداد ہے؟

1: دو 2: چار 3:چھ ✓ 4: آٹھ

(59) " تسہیل" کا معنی ہے؟

1: آسانی کرنا✓ 2: تیار کرنا 3: مشکل کرنا 4: سوال کرنا

(60)اگر دو رمضانوں کے روزے قضاء کرے تو ضروری ہے؟

1: متعین کرنا✓ 2: سحری کرنا 3: نیت کرنا 4: افطار کرنا

(61) جب کوئی شخص فرض نماز تنہا پڑھنا شروع کر دے اور جماعت قائم کر دی جائے تو وہ فرض نماز کو.....؟

1: پورا کرے گا 2: توڑ دے گا✓ 3: آدھی چھوڑ دے گا4: تین رکعتیں پڑھے

(62)کونسی نمازوں میں نفل کی نیت نہیں کی جاسکتی؟

1: ظہر اور عشاء 2: عصر اور مغرب 3: فجر اور عصر✓ 4: عشاء اور فجر

(63) اگر تنہا فرض نماز پڑھنے والے نے تین رکعتیں پڑھ لی تو کیا کرے گا؟

1: توڑ دے 2: پورا کرے✓ 3: چھوڑ دے 4: سلام پھیر دے

(64) اگر کوئی شخص جمعہ کی سنتوں میں تھا کہ خطیب نکل آیا یا ظہر کی سنتوں میں تھا کہ جماعت قائم کر دی گئی تو سلام پھیر دے؟

1: پوری کر کے 2: دو رکعتوں پر✓ 3: تین رکعتوں پر 4: سلام نہ پھیرے

(65) اگر کوئی شخص اس وقت آیا جب امام فرض نماز میں تھا تو وہ کیا کرے گا؟

1: اقتداء کرے گا✓ 2: سنتیں پڑھے گا 3: انتظار کرے گا 4: بیٹھے گا

(66) توجھت کون سے باب سے ہے؟

1: مفاعالہ 2: تفعل✓ 3: افعال 4: تفعیل

(67) ظہر سے پہلی سنتوں کی قضا کرے گا؟

1: عصر کے ساتھ 2: ظہر کے وقت میں✓ 3: نہیں ہو گی قضاء 4: فجر کے ساتھ

(68) جس شخص نے تین رکعتیں پائی تو پانے والا ہوگا؟

1: جماعت 2: جماعت کی فضیلت✓ 3: جماعت نہیں 4: اختلاف ہے

(69) رکعت کو نہ پانے والا کہیں گے جو ملا امام کے...؟

1: رکوع کرنے سے پہلے 2: سورت ملانے سے پہلے 3: رکوع سے سر اٹھانے کے بعد✓ 4: ثناء پڑھنے کے بعد

(70) مسجد سے نکلنا کب مکروہ ہے؟

1: اذان سے پہلے 2: اذان کے بعد✓ 3: نماز کے بعد 4: تحیتہ المسجد سے پہلے

(71) اگر نمازی نے اپنی نماز پڑھ لی اور نکلنے سے پہلے جماعت قائم کر دی گئی تو اقتداء کرے گا؟

1: سنت کی 2:نفل کی✓ 3: فرض کی 4: واجب کی

(72) فرض نماز کو کتنی بار پڑھا جاسکتا ہے؟

1: ایک بار✓ 2: دو بار 3: پانچ بار 4: چھ بار

(73) ایک قول کے مطابق کتنی صورتیں ہیں جن میں جان بوجھ کر واجب ترک کرنے سے نماز باطل نہیں ہوتی؟

1: دو 2: تین✓ 3: چار 4:پانچ

(74) اگر ایک سے زیادہ واجب چھوٹے تو کتنے سجدے لازم ہوں گے؟

1: دو 2: تین 3:جتنے واجب 4: ایک✓

(75)اگر جان بوجھ کر واجب چھوڑا تو کیا ......؟

1: سجدہ سہو واجب ہو گا 2: نماز کا اعادہ واجب ہو گا✓ 3: نماز درست ہو گی 4: معافی ہو گی

(76)" شغلہ "کا معنی ہے؟

1: مذاق 2: مشغول✓ 3: مشکل 4: ملنا

(77) سجدہ سہو کا سبب ......چھوڑنا ہے؟

1: فرض کا 2: واجب کا✓ 3: مستحب کا 4:سنت کا

(78) اگر کسی نے سلام سے پہلے سجدہ کر لیا تو یہ ہے ؟

1: سخت گناہ 2: مکروہ تنزیہی✓ 3: مکروہ تحریمی 4: سنت

(78) اگر کسی نے سلام سے پہلے سجدہ سہو کر لیا تو یہ ہے ؟

1: سخت گناہ 2: مکروہ تنزیہی ✔ 3: مکروہ تحریمی 4: سنت

(79) سجدہ سہو کے ساقط ہونے کی کتنی صورتیں ہیں؟

1: ایک 2: دو 3: تین ✔ 4: چار

(80) مقتدی پر سجدہ سہو لازم ہوتا ہے؟

1: اپنے سہو سے 2: امام کے سہو سے ✔ 3: دونوں کے سہو سے 4: لاحق کے سہو

(81) مسبوق سجدہ سہو کرے گا؟

1: اپنا علیحدہ 2: امام کے ساتھ ✔ 3: نہیں کرے گا 4: لاحق کے ساتھ

(82)لص کا معنی ہے؟

1: کیچڑ 2: سرکشی 3: ڈاکو 4: چور ✔

(83) جمعہ و عیدین میں امام نہ کرے؟

1: قراءت 2: سجدہ سہو ✔ 3: سلام نہ کرے 4: جلسہ نہ کرے

(84) "استتم"کا معنی ہے؟

1: کھڑا کرنا 2: کھڑا ہوا ✔ 3: بیٹھ گیا 4: مکمل کروایا

(85)" شفع التطوع" کا معنی ہے؟

1: نفل کی دو رکعت والی نماز ✔ 2: نفل کی چار رکعت والی نماز 3: نفل کی چھ رکعت والی نماز 4: نفل کی آٹھ رکعت والی نماز

(86)" الضمُ " کا معنی ہے؟

1: جوڑنا ✔ 2: باندھنا 3: توڑنا 4: دم کرنا

(87) قریہ کا معنی ہے؟

1: شہر 2: بستی ✔ 3:گاؤں 4: لکڑی

(88) اگر کوئی شخص قعدہ اخیرہ بھول کر کھڑا ہو جائے تو اس کی نماز کب باطل ہو گی..... جب تک؟

1: سجدہ نہ کر لیا ✔ 2: التحیات پڑھ لی 3: رکوع کر لیا 4: قیام کر لیا

(89) اگر سجدہ سہو کرنا بھول گیاتو کب تک کر سکتا ہے؟

1: ادھر ادھر دیکھا ہو 2: مانع نماز عمل نہ ہو ✔ 3: عمل کثیر ہوا ہو 4: جب تک کھڑا ہوگیا ہو

(90) سجدہ سہو کے لیے سجدے ہیں؟

1: ایک 2: دو ✔ 3: تین 4: چار

(91) اگر کسی شخص نے غور وفکر کیا.....کی مقدار تو سجدہ سہو واجب ہو جائے گا؟

1:ایک رکن ✔ 2:دو رکن 3: تین رکن 4: چار رکن

(92)"عَرَضَ"کا معنی ہے؟

1:پیش آیا ✔ 2: پیش کیا 3: پیش کرنا 4: پیش کرو

(93) رکعت تعداد میں شک آجانے سے نماز .....ہو جاتی ہے؟

1: باطل ✔ 2:سنت 3: مستحب 4: فرض

(94) اگر نمازی کو سلام پھرنے کے بعد شک ہوا تو .....کیا جائے گا ؟

1: اعتبار 2: پوچھا جائے گا 3: غور وفکر 4: اعتبار نہیں ✔

(95)" قلّ" کا معنی ہے؟

1: تھوڑا ✔ 2: بہت کم 3: تھوڑا زیادہ 4: تھوڑا کم

(96) اگر نماز میں شک اکثر ہو جائے تو عمل کیا جائے گا؟

1: حسن ظن پر 2: ظن غالب پر ✔ 3: جو فورا ذہن میں آے 4: اعتبار نہیں

(97) سجدہ تلاوت واجب ہوتا ہے؟

1: آیت سجدہ کی تلاوت کرنے سے ✔ 2: آواز بازگشت سے 3: آیت سجدہ سوچنے سے 4: پرندوں سے

(98) سجدہ تلاوت میں تاخیر کرنا کیا ہے؟

1: مستحب 2: مکروہ تنزیہی ✔ 3: مکروہ تحریمی 4: سنت

(99) اگر کسی شخص نے فارسی زبان میں آیت کی تلاوت کی تو اس پر سجدہ تلاوت کا حکم ہے؟

1: واجب ہوگا✓ 2: واجب نہیں ہوگا 3: اختلاف ہے 4: سنت ہوگا

(100) سجدہ تلاوت کے واجب ہونے کی کم از کم مقدار ہے؟

1: ایک لفظ 2: دو لفظ✓ 3: ایک آیت 4: آدھی آیت

(101) آیات سجدہ کتنی سورتوں میں ہیں؟

1: دس 2: بارہ 3: چودہ✓ 4: پندرہ

(102) درج ذیل سورتوں میں سے کن کن میں آیت سجدہ ہے ؟

1: النساء، محمد 2: البقرہ، النحل 3: الرعد، النحل✓ 4: بقرہ، عمران

(103) اگر کسی شخص کا ارادہ نہیں تھا آیت سجدہ سننے کا اور سن لی تو اب کیا ہوگا؟

1: سجدہ واجب نہیں ہوگا 2: سجدہ واجب ہوگا✓ 3: مکروہ ہوگا 4: اختلاف ہے

(104) سجدہ تلاوت کس پر واجب نہیں ہوگا؟

1: مریض پر 2: حیض ونفاس والی پر✓ 3: مسافر پر 4: سننے والے پر

(105) تَجِدُوا لَغَدَ.......؟

1: الاکتفاء 2: الاقتصار 3: الصلواۃ✓ 4: افتتاح

(106) اگر فارسی میں آیت سجدہ کا ترجمہ سنا اور سمجھ بھی آگئی تو سجدہ...ہو گا؟

1: واجب نہیں 2: سجدہ واجب✓ 3: اختلاف ہے 4: سجدہ کرنا مکروہ ہوگا

(107) وہ کتنی صورتیں ہیں کہ آیت سجدہ سننے کے باوجود بھی سجدہ واجب نہیں ہوتا؟

1: دو✓ 2: پانچ 3: تین 4: چار

(108) "والصَّدٰی" کا معنی ہے؟

1: آواز 2: آواز بازگشت✓ 3: آواز طیر 4: آواز کار

(109) اگر کسی شخص نے طوطے وغیرہ کو آیت سجدہ رٹا دی تو سننے والے پر سجدہ.....ہوگا؟

1: سنت 2: واجب نہیں✓ 3: واجب 4: مکروہ ہے

(110)"اِئتِمَام" کا معنی ہے؟

1: اقتداء کرنا✓ 2: انتہا کرنا 3: شروع کرنا 4: اشارہ کرنا

(111) جو آیت سجدہ نماز میں تلاوت کی گئی اس کا سجدہ کرنا ہو گا؟

1: نماز میں✓ 2: نماز سے باہر 3: بقیہ نماز کے بعد 4: فرضوں کے فوراً بعد

(112) ایک ہی جگہ پر بیٹھ کر ایک آیت سجدہ بار بارپڑھی تو کتنے سجدے واجب ہوں گے؟

1: ایک✓ 2: دو 3: تین 4: چار

(113)" غُصْنٌ " کا معنی ہے؟

1: درخت 2: ٹہنی✓ 3: جڑ 4: مسواک

(114) ساری سورت پڑھنا اور آیت سجدہ چھوڑ دینا.....ہے؟

1: سنت غیر مؤکدہ 2: مکروہ✓ 3: مستحب 4: واجب

(115) آیت سجدہ آہستہ پڑھنا..... ہےاس شخص کے سامنے جو سننے کو تیار نہ ہو؟

1: مکروہ 2: مستحب✓ 3: واجب 4: سنت

(116) سجدہ تلاوت کے لیے مستحب ہے کہ پہلے.....جائے؟

1: سجدہ کیا 2: بیٹھا جائے 3: کھڑا ہوا✓ 4: لیٹ جائے

(117)" اصطفاف " کا معنی ہے؟

1: لائین لگانا 2: صف بستہ ہونا✓ 3: گھومنا 4: کھیلنا

(118) سجدہ تلاوت کے صحیح کے ہونے کے لیے کتنی شرائط ہیں؟

1: دو 2: تین 3: پانچ✓ 4: چھ

(119) سجدہ تلاوت کے طریقے میں کیا چیز ہے ؟

1: سلام اور تشہد 2: تشہد 3: سلام 4: تکبیر کے وقت ہاتھ اٹھانا✓

(120) امام اعظم کے نزدیک سجدہ شکر......ہے؟

1: جائز 2: مکروہ✓ 3: مستحب 4:واجب

(121) سجدہ شکر کا فائیدہ ہے؟

1: ہر تکلیف دور 2: ہر پریشانی دور✓ 3: کوئی فائیدہ نہیں 4: ثواب کا حصول

(122)"اَھَمَّ" کا معنی ہے؟

1: مغموم نہ کرنا 2: سکون میسر کرنا 3: تشویش کا باعث ہونا✓ 4: مضطرب ہونا

(123) نماز جمعہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

1: فرض 2: واجب عین 3: فرض عین✓ 4: سنت مؤکدہ

(124) جمعہ کے فرض ہونے کے لیے کتنی شرائط کا پایا جانا ضروری ہے؟

1: تین 2: سات✓ 3: پانچ 4: چھ

(125)جمعہ کے صحیح ہونے کے لیے کتنی شرائط کا ہونا ضروری ہے؟

1: چار 2: پانچ 3: چھ✓ 4: تین

(126)جمعہ کا وقت ہے؟

1: زوال سے پہلے 2: زوال کے بعد✓ 3: غروب آفتاب سے پہلے 4: شفق احمر سے پہلے

(127) جمعہ کی جماعت کے لیے امام کے علاوہ کتنے مردوں کا ہونا شرط ہے؟

1: تین✓ 2: ایک 3: دو 4: پانچ

(128) مریض اور غلام کو جمعہ میں امام بنانا......ہے؟

1: واجب 2: جائز✓ 3: ناجائز 4: مکروہ

(129) خطبہ میں تسبیح اور تحمید پر اکتفاء کرنا ہے؟

1: مکروہ✓ 2: صحیح نہیں 3: ناجائز ہے 4: سنت ہے

(130) خطبہ کی کتنی سنتیں ہیں؟

1: دس 2: بارہ 3: چودہ 4: اٹھارہ✓

(131) "عنوۃ" کا معنی ہے؟

1: آرام 2: زبردستی✓ 3: سکون 4: صلح

(132) خطبہ شروع کیا جائے گا؟

1: اللہ کی حمد سے✓ 2: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سے 3: دعا سے 4: دعا استفتاح سے

(133) خطبہ میں کس کے لیے مغفرت مانگی جائے گی؟

1: مومنین کے لیے✓ 2: مشرکوں کے لیے 3: منافقوں کے لیے 4: کفار کے لیے

(134) امام کتنی آواز میں خطبہ پڑھے؟

1: تمام حاضرین کو سنے✓ 2: آدھے لوگوں کو سنے 3: پاس والوں کو سنے 4: پورے علاقے کو سنے

(135) خطبہ کو لمبا کرنا ہے؟

1: سنت 2: مکروہ✓ 3: واجب 4: فرض

(136) جمعہ کی پہلی اذان ہوتے ہی سعی واجب ہے اور......ترک کرنا واجب ہے؟

1: تیاری 2:بیع 3: شہر سے نکلنا 4: کھانا

(137) خطبہ کے دوران کھانا پینا اور کھیلنا ادھر ادھر دیکھنا کیا ہے؟

1: جائز 2: مکروہ✓ 3: سنت 4: مستحب

(138) غیر معذور شخص نے جمعہ سے پہلے ظہر کی نماز پڑھ لی تو اس نے کیا...؟

1: جائز کام 2: حرام کام ✓ 3: حلال کام 4: مکروہ فعل

(139) جس شخص نے امام کو التحیات میں پایا یا سجدہ سہو میں پایا تو اس نے.....؟

1: جمعہ پالیا ✓ 2: جمعہ کا اعادہ کر لیا 3: اختلاف ہے 4: جمعہ کو نہ پایا

(140) معذورین کا جمعہ کے دن شہر میں ظہر کی نماز باجماعت پڑھنا ہے؟

1: جائز 2: ناجائز 3: مکروہ ✓ 4: مستحب

(141) سفر کی نیت کے صحیح ہونے کی شرط ہے؟

1: عورت ہونا 2: بالغ ہونا ✓ 3: بچہ ہونا 4: ملازم ہونا

(142) قصر ہمارے لیے ہے؟

1: مشکل 2: نعمت ✓ 3: بربادی 4: خوشحالی

(143) اقتدی مسافر بمقیم فی الوقت........؟

1: فسدہ 2: کرہ 3: صح ✓ 4: بطل

(144) ولایقراء المقیم فیما یتمہ بعد........امامہ المسافر؟

1: فراغ ✓ 2: قیام 3: رکوع 4: سجدہ

**مرتب: محمد جنید صدیقی، فیضان علی عطاری**

# 80%سے مختصر سوالات

س1: سنت مؤکدہ کتنی ہیں اور کونسی نمازوں میں ہیں؟
ج: سنت مؤکدہ 20 ہیں۔جو کہ دو رکعت فجر سے پہلے، دو ظہر کے بعد، دو عشاء کے بعد، دو مغرب کے بعد، چار ظہر سے پہلے، چار جمعہ سے پہلے، اور چار جمعہ کے بعد ہیں۔
س2: مستحب رکعتیں کونسی ہیں؟
ج: چار رکعتیں عصر کے فرائض سے پہلے اور چار عشاء کے فرائض سے پہلے اور چھ رکعتیں مغرب کے بعد اور چار عشاء کے بعد پڑھنا مستحب ہیں۔
س3: سنت مؤکدہ چار رکعت والی میں تیسری رکعت کی ابتداء میں دعا پڑھ سکتے ہیں یا نہیں پڑھ سکتے ؟
ج: سنت مؤکدہ چار رکعت والی نماز میں تیسری رکعت میں دعا یعنی شناء نہیں پڑھے گے۔
س4: دن اور رات میں نفل پڑھنے کے بارے میں آئمہ احناف کا اختلاف لکھیں؟
ج: امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک دن اور رات میں چار چار رکعت پڑھنا افضل ہے۔ صاحبین کے نزدیک رات میں دو دو کرکے پڑھنا افضل ہے۔
س5: دن کی نماز افضل ہے یا رات کی نماز افضل ہے ؟
ج:رات کی نماز دن کی نماز سے افضل ہے۔
س6: تحیتہ المسجد کی تعریف لکھیں؟
ج: مسجد میں داخل ہونے کے بعد بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا اسی کو تحیتہ المسجد کہتے ہیں۔
س7: الضحیٰ سے کون سی نماز مراد ہے؟
ج: اس سے مراد چاشت کی نماز ہے۔
س8: صلاتہ اللیل سے کون سی نماز مراد ہے؟
ج: رات کی نماز مراد ہے۔
س9: نماز استخارہ، نماز حاجت کو پڑھنا کیا ہے؟
ج: ان نمازوں کو پڑھنا مستحب ہے۔
س10: کون کون سی راتوں کو جاگ کر عبادت کرنا مستحب ہے؟
ج: •رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی دس راتیں۔ •دونوں عیدوں کی راتوں کو۔ • پندرہ شعبان کو۔ •ذوالحجہ کی پہلی دس راتیں۔

س11: نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے کا طریقہ لکھیں؟
ج: نفل نماز پڑھنے والا جس طرح چاہے بیٹھ کر نماز پڑھ لے لیکن افضل یہ ہے کہ تشھد کی طرح بیٹھے۔
س12: "وبنی بنزولہ لا برکوبہ ولو کان بلنوافل الراتبہ" عبارت کی وضاحت کریں ؟
ج: اگر کوئی شخص سواری پر نماز پڑھ رہا تھااب زمین پر اتر آیا تو اس پر ہی بنا کر سکتا ہے۔اگر زمین پر شروع کی تھی اور سوار ہو گیا تو اس پر بنا نہیں کرسکتا۔اگرچہ سنت مؤکدہ ہی ہوں۔
س13: نفل نماز ٹیک لگا کر پڑھنا کیسا؟
ج: نفل نماز پڑھنے والا اگر تھک جائے تو وہ ٹیک لگا کر نماز پڑھ سکتا ہے۔اگر بغیر عذر کے ٹیک لگائے تو مکروہ ہے۔
س14: اگر سواری پر نجاست لگی ہو تو کیا وہ نماز کے مانع ہے یا نہیں؟
ج: سواری پر نجاست لگی ہونا نماز کے مانع نہیں ہے۔
س15: کیا فرض نماز سواری پر پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟
ج: بغیر عذر کے سواری پر فرض نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔
س16: چلتی کشتی میں نماز پڑھنے کے بارے میں اختلاف آئمہ لکھیں؟
ج:امام اعظم کے نزدیک چلتی کشتی میں بغیر کسی عذر کے بیٹھ کر نماذ پڑھنا صحیح ہے رکوع وسجود کے ساتھ ۔ جبکہ صاحبین کے نزدیک بغیر عذر کے بیٹھ کر پڑھنا صحیح نہیں ہے اور یہ ہی ظاہری قول ہے۔
س17: نماز تراویح کی شرعی حیثیت کیا ہے اور اس کی کتنی رکعتیں ہیں؟
ج:مردوں اور عورتوں کے لیے نماز تراویح مسنون ہے ۔ اور نماز تراویح کی بیس رکعتیں ہیں دس سلاموں کے ساتھ ۔
س18: تراویح کا وقت کب سے کب تک ہے؟
ج: تراویح کا وقت عشاء کے بعد سے لے کر صبح صادق تک ہے ۔
س19: تراویح کو کب تک موخر کرنا مستحب ہے؟
ج:نماز تراویح کو نصف یا تہائی رات تک موخر کرنا مستحب ہے اور اس کے بعد تک بھی کر سکتے ہیں۔
س20: تراویح میں کتنی بار قرآن مجید ختم کرنا سنت ہے؟
ج:رمضان المبارک میں تراویح میں ایک بار قران پاک ختم کرنا مسنون ہے ۔

س21: کیا تراویح کی قضاء ہے یا نہیں؟
ج:نماز تراویح کے چھوٹ جانے سے اس کی قضا نہیں ہے ۔
س22: نماز تراویح میں کیا کیا ترک کر سکتے ہیں؟
ج:اگر لوگ اکتا جائیں تو درود شریف کے بعد دعا نہ پڑھی جائے۔
س23: کعبہ کی چھت پر فرض یا نفل نماز پڑھنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
ج:کعبہ کی چھت پر فرض یا نفل نماز پڑھنا صحیح ہے لیکن مکروہ ہے۔ بےادبی ہے۔
س24: اگر کوئی شخص امام کے چہرے کی طرف اپنی پیٹھ کر لے تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے؟
ج:اگر کوئی شخص امام کے چہرے کی طرف پیٹھ کرے تو اس کی نماز درست نہیں ہوگی۔
س25: شرعی مسافر کی تعریف کریں؟
ج:وہ شخص جس نے کم سے کم تین دن سفر کی نیت کی ہو۔اور جس جگہ جارہا وہاں پندرہ دن سے کم رہنے کی نیت کی ہو۔شرعی مسافر کہلاتا ہے۔
س26: مسافر کون کون سی نمازوں میں قصر کرے گا؟
ج:چار رکعت والی نمازوں میں مسافر قصر کرے گا۔
س27: مسافر کب کہلائے گا؟
ج: مسافر جب فنائے شہر سے نکل جائے۔تب مسافر کہلائے گا۔
س28: فناء شہر کی تعریف لکھیں؟
ج:وہ جگہ جو شہر کی بہتری کے لیے بنائی گئی ہو۔جیسے قبرستان اور گھوڑے دوڑانے کی جگہ وغیرہ۔
س29: سفر کی نیت کے صحیح ہونے کے لیے کتنی شرائط ہیں لکھیں؟
ج: سفر کی نیت کے صحیح ہونے کے لیے تین شرائط ہیں۔ • حکم میں مستقل ہونا• بالغ ہونا • سفر کی مدت تین دن سے کم نہ ہو
س30: دو شہروں میں اقامت کی نیت کر سکتے ہیں یا نہیں؟
دو شہروں میں اقامت کی نیت درست نہیں ہے۔جب تک کہ کوئی شہر متعین نہ کرے۔

س31: دارالحرب میں ہمارے فوجی اقامت کی نیت کر سکتے ہیں یا نہیں؟
ج: دارالحرب میں اقامت کی نیت نہیں کر سکتے۔
س32: اگر مسافر مقیم امام کی اقتداء کرے تو کتنی نماز پڑھے گا؟
ج: اگر مسافر مقیم امام کی وقت کے اندر اقتداء کرے تو وہ پوری نماز پڑھے گا۔
س33: مقیم مسافر کے پیچھے کس طرح نماز مکمل کرے گا؟
ج: جب مسافر امام اپنی نماز مکمل کرلے تو مقیم مقتدی کھڑا ہو کر بقیہ نماز بغیر قراءت کے مکمل کرلے
س34: وطن اصلی کی تعریف لکھیں؟
ج:وہ جگہ جہاں پیدا ہوا یا شادی کی یا شادی تو نہیں کی مگر ہمیشہ رہنے کا ارادہ کرلیا ہو نہ کے کوچ کرنے کا وہاں سے۔
س35: کس شخص کے لیے بیٹھ کر فرض نماز پڑھنا جائز ہے؟
ج: جس شخص پر سارا قیام مشکل ہو جائے یا مرض کے دیر سے ٹھیک ہونے کا خوف یا مرض کے بڑھنے کا خوف ہو تو وہ بیٹھ کر فرض نماز پڑھ سکتا ہے۔
س36: اگر کوئی شخص بیٹھ کر بھی نماز نہیں پڑھ سکتا تو کس طرح پڑھے گا؟
ج:اگر کوئی شخص بیٹھ کر بھی نماز نہیں پڑھ سکتا تو وہ لیٹ کر اشارے سے نماز پڑھے گا۔
س37: جو اشارے سے نماز پڑھے وہ کن چیزوں سے اشارا نہیں کر سکتا؟
ج: آنکھوں بھوؤں اور دل سے اشارہ نہیں کر سکتا۔
س38: اگر کوئی شخص قیام پر قادر ہے اور رکوع وسجود نہ کر سکے تو کیسے نماز پڑھے گا؟
ج:وہ شخص بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھے گا۔
س39: مجنوں اور جس پر بےہوشی طاری ہو اس کی نماز کا کیا حکم ہے؟
ج: جس شخص پر مجنوں اور بےہوشی طاری ہوئی اور وہ پانچ نمازوں کے اوقات تک رہی تو ان کی قضاء ہوگی۔اگر پانچ نمازوں سے زیادہ ہو تو قضاء نہیں ہوگی۔
س40: مرنے والے کے ترکے میں سے اس کا ولی کتنے مال سے فدیہ نکالے گا؟
ج: مرنے والے کے ترکے میں سے اس کا ولی تہائی مال سے فدیہ نکالے گا۔

س41: اگر مرنے والے نے وصیت نہیں کی تو کیا حکم ہے؟
ج: اگر مرنے والے نے وصیت نہیں کی تو اس کا ولی اسکی طرف سے نماز روزے کا فدیہ ادا کر دے تو صحیح ہے۔
س42: کس چیز کا سارا فدیہ ایک شخص کو نہیں دے سکتے؟
ج: قسم کے کفارے کا فدیہ ایک شخص کو نہیں دے سکتے۔
س43: ساری نمازوں کا فدیہ ایک شخص کو دینا کیسا؟
ج: ساری نمازوں کا فدیہ ایک شخص کو دینا جائز ہے۔
س44: صاحب ترتیب کسے کہتے ہیں؟
ج: جس شخص کی کوئی نماز قضاء نہ ہوئی ہو۔
س45: کتنی چیزوں کے پائے جانے سے ترتیب ساقط ہو جائے گی؟
ج: تین چیزوں میں سے کسی ایک کے پائے جانے سے ترتیب ساقط ہو جائے گی۔ • ترتیب بھول جانا • مستحب وقت کا تنگ ہونا • چھ نمازوں کا قضاء ہو جانا
س46: قضاء عمری کی نیت کس طرح کرے؟
ج: جو شخص قضاء عمری کرنا چاہتا ہے تو وہ اس طرح نیت کرے کہ میں اپنی پہلی فجر کی قضاء نماز ادا کرتا ہوں یا جو آخری نماز قضاء ہوئی تھی۔
س47: کون سی چیز ترتیب کو ساقط نہیں کرتی؟
ج: وتر ترتیب کو ساقط نہیں کرتے۔
س48: اگر کوئی اکیلا اپنی فرض نماز شروع کر دے اور جماعت قائم کر دی جائے تو وہ کیا کرے؟
ج: ایسا شخص اپنی نماز توڑ دے اگر اس نے سجدہ نہیں کیا اس نماز کا جو شروع کی تھی۔
س49: اگر کوئی شخص جمعہ کی یا ظہر کی سنتوں میں تھا کہ خطیب نکل آیا یا جماعت قائم کر دی گئی تو کیا حکم ہے؟
ج: وہ شخص دو رکعت پر سلام پھیر دے اور فرضوں کے بعد قضاء کرے سنتوں کی۔
س50: کیا فجر کی سنتوں کی قضا ہے یا نہیں؟
ج: فجر کی سنتوں کی قضا نہیں ہے۔ لیکن جب فرضوں کے ساتھ فوت ہوں تو قضا کر سکتا ہے۔

س71: التعریف سے کیا مراد ہے؟
ج: لغت میں التعریف عرفات میں ٹھہرنے کو کہتے ہیں۔عرفہ کے دن لوگ کسی میدان میں جمع ہو کر حاجیوں کی طرح دعا مانگتے ہیں اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔
س72: تکبیر تشریق کا شرعی حکم کیا ہے؟
ج: 9 ذوالحجہ کی فجر سے 13 ذوالحجہ کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد ایک بار پڑھنا واجب ہے۔
س73: سورج گرہن کی نماز کا کیا حکم ہے؟
ج: سورج گرہن کی نماز دو رکعت باجماعت پڑھنا مسنون ہے۔
س74: بغیر جماعت ادا کی جانے والی نمازوں کے نام بتائیں؟
ج: نماز خسوف، سخت آندھی کے وقت،دن کی خوفناک تاریکی کے کے وقت،پریشانی کے وقت۔
س75: نماز استسقاء کا کیا حکم ہے؟
ج: اس کے لیے بغیر جماعت کے نماز ہے اور اس کے لیے استغفار ہے۔
س76: نماز استسقاء کے لیے کون سی حالت میں نکلنا مستحب ہے؟
ج: پرانے کپڑے جو دھلے ہوئے ہوں یا پیوند لگے ہوئے ہوں عاجزی اختیار کرتے ہوئے اور اپنے سروں کو شرمندگی سے سر جھکاتے ہوئے پیدل نکلنا چاہیے۔
س77: نماز استسقاء کے لیے کن کو ساتھ لے کر نکلنا مستحب ہے؟
ج:جانوروں، بڑے بوڑھوں اور بچوں کو ساتھ لے جانا مستحب ہے۔
س78: نماز استسقاء میں کن لوگوں کو حاضر ہونے سے منع کیا گیا ہے؟
ج: نماز استسقاء میں ذمی لوگ حاضر نہ ہوں۔
س79: نماز خوف کب جائز ہے؟
ج: دشمن کے خوف کے وقت اور ڈوبنے کے یا جلنے کے خوف کے وقت نماز خوف پڑھنا جائز ہے۔
س80: اگر کسی پر وقت نزع آجائے تو کیا کیا جائے گا؟
ج: قریب المرگ شخص کو داہنی کروٹ پر قبلہ رو کرنا سنت ہے۔اس کے سر کو ہلکا سا اٹھا دیا جائے اور شہادت کے کلموں کے پڑھنے کی تلقین کی جائے۔

س81: میت کی روح قبض ہونے کے بعد کیا کیا جائے گا؟
ج: جب کوئی شخص مرجائے تو اس کے دونوں جبڑے باندھ دیے جائیں اور اسکی آنکھیں بند کر دی جائیں۔
س82: میت کو کس رخ تختہ پر لیٹایا جائے گا؟
ج: میت کو تخت پر اس رخ لٹایا جائے جس طرف آسانی ہو۔
س83: میت کے ناخن اور بال کاٹنے کا کیا حکم ہے؟
ج: میت کے ناخن اور بال نہ کاٹے جائیں اور نہ ہی اس کے سر کے بالوں میں اور داڑھی کے بالوں میں کنگھی کی جائے۔
س84: میت کو بوسہ دینے کا کیا حکم ہے؟
ج: میت کو بوسہ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
س85: عورت کا کفن ودفن کس کے ذمہ پر ہے؟
ج: شوہر اگر تنگ دست ہو تب بھی اپنی عورت کی تجہیز و تکفین اس کے ذمہ ہے۔کیونکہ عورت کا نفقہ شوہر پر واجب ہے۔
س86: مفلس کا کفن ودفن کس کے ذمہ پر ہے؟
ج: جس شخص کے پاس مال نہیں ہے تو اس کا کفن اس پر ہے جس پر اسکا نفقہ لازم تھا۔
س87: بیت المال کے ذمہ کس کا کفن و دفن ہے؟
ج: اگر کسی میت کا کوئی ایسا رشتے دار نہ ہو جس پر اسکا نفقہ لازم تھا تو ایسے شخص کا کفن و دفن بیت المال کے ذمہ ہے۔
س88: مرد کے کفن سنت میں کیا کیا شامل ہے؟
ج: مرد کے کفن سنت میں تین کپڑے ہیں۔
• قمیض• ازار• لفافہ
س89: مرد کا کفن کفایت لکھیں؟
ج: مرد کے کفن کفایت میں دو کپڑے ہیں۔•لفافہ •ازار
س90: عورت کے کفن سنت میں کیا کیا شامل ہے؟
ج: عورت کے کفن سنت میں پانچ چیزیں شامل ہیں۔•ازار• لفافہ• قمیض •سینہ بند•اوڑھنی

س91: عورت کے کفن کفایت میں کیا کیا شامل ہے؟
ج: • لفافہ • ازار • اوڑھنی
س92: نماز جنازہ ادا کرنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
ج: نماز جنازہ ادا کرنا فرض کفایہ ہے۔
س93: نماز جنازہ کے کتنے ارکان ہیں؟
ج: دو ارکان ہیں نماز جنازہ کے۔• تکبیرات• قیام
س94: نماز جنازہ کی کتنی اور کون کون سی شرائط ہیں؟
ج: نماز جنازہ کی چھ شرائط ہیں۔• میت کا مسلمان ہونا• اسکا پاک ہونا• میت کا امام کے آگے ہونا• میت کا حاضر ہونا• نمازی کا سواری پر نہ ہونا• میت کا زمین پر ہونا
س95: نماز جنازہ کی کتنی سنتیں ہیں؟
ج: چار سنتیں ہیں۔• پہلی تکبیر کے بعد ثناء• دوسری تکبیر کے بعد درود• تیسری تکبیر کے بعد دعا• میت کا امام کے سینے کے برابر ہونا۔
س96: اگر امام نماز جنازہ میں پانچویں تکبیر کہہ دے تو مقتدیوں کے لیے کیا حکم ہے؟
ج: اس صورت میں مقتدی امام کی پیروی نہ کرے بلکہ امام کے سلام پھیرنے کا انتظار کرے۔
س97: نماز جنازہ میں امامت کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے بالترتیب لکھیں؟
ج: میت کی نماز جنازہ پڑھانے کا سب سے زیادہ حقدار بادشاہ ہے پھر اس کا نائب پھر قاضی پھر محلہ کا امام پھر میت کا ولی۔
س98: کیا ولی دوسرے سے نماز جنازہ پڑھوا سکتا ہے؟
ج: ولی خود نماز جنازہ نہ پڑھائے بلکہ کسی کو اجازت دیدے تو ایسا کرنا درست ہے۔
س99: قبر پر نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟
ج: میت کو نماز جنازہ پڑھے بغیر دفن کر دیا تو اس وقت تک نماز اس کی قبر پر پڑھی جا سکتی ہے۔جب تک کے پھٹ جانے کا اندیشہ نہ ہو۔
س100: میت کو غسل دیے بغیر نماز جنازہ پڑھا دی تو کیا حکم ہے؟
ج: اس صورت میں میت کو اگر دفن نہیں کیا ہے تو دوبارہ غسل دے کر نماز جنازہ پڑھنا ضروری ہے۔

س101: باغی اور ڈاکو پر نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟
ج: باغی اور ڈاکو کو جنگ کی حالت میں مار دیا گیا تو ان پر نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔
س102: خود کشی کرنے والوں پر نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟
ج: خود کشی کرنے والے کو غسل دیا جائے گا اور نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔
س103: مرا ہوا بچہ پیدا ہوا تو اس کی نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟
ج: ایسے بچے کا نہ تو نام رکھا جائے گا اور نہ ہی اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔
س104: بچہ پیدا ہونے کے بعد مر جائے تو تو اس کی نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟
ج: اگر کوئی بچہ پیدا ہوا اور اس میں زندگی کے آثار پائے گئے تو اس کا نام رکھا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی اور غسل بھی دیا جائے گا۔
س105: کتنے مردوں کا جنازہ اٹھانا سنت ہے اور جنازہ اٹھا کر کتنے قدم چلے جائیں؟
ج: چار مردوں کا جنازہ اٹھا کر چلنا سنت ہے اور مناسب ہے کہ جنازہ اٹھا کر بیس قدم چلے جائیں۔
س106: جنازے کی دائیں جانب کون سی ہے؟
ج: جنازے کی دائیں جانب اٹھانے والے کی بایں جانب ہے۔
س107: قبر کتنی کھودی جائے ؟
ج: قبر میت کے آدھے قد یا سینے تک کھودی جائے اگر اس سے زیادہ کھودے تو اچھا ہے۔
س108: صندوقی قبر کب بنائی جائے؟
ج: اگر زمین نرم ہو تو صندوقی قبر بنائی جائے۔
س109: میت کو قبر میں رکھنے والا کون سی دعا پڑھے گا؟
ج: بسم اللہ وعلیٰ ملتہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)
س110: قبر کو کس چیز سے برابر کیا جائے گا؟
ج: قبر کو کچی اینٹوں اور بانس کے ذریعے برابر کیا جائے۔

س111: کس چیز سے قبر کو برابر کرنا مکروہ ہے؟
ج: پکی اینٹوں اور لکڑی کے ذریعے قبر کو برابر کرنا مکروہ ہے۔
س112: قبر اوپر سے کیسی بنائی جائے اور اس پر عمارت بنانا کیسا؟
ج: کوہان نما بنائی جائے اوپر سے اور اس پر زینت کے لیے عمارت بنانا حرام ہے۔
س113: قبر کو پختہ کرنا اور اس پر تختی لگانا کیسا؟
ج: قبر کو میت کے دفن کرنے کے بعد پختہ کرنا مکروہ ہے اور اس پر تختی لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
س114: میت کو فساقی یا گھر میں دفن کرنا کیسا؟
ج: میت کو فساقی یا گھر میں دفن کرنا مکروہ ہے۔
س115: کوئی شخص اگر کشتی میں مر جائے تو کیا حکم ہے؟
ج: کوئی شخص اگر کشتی میں مر جائے اور خشکی دور ہو اور میت کے بگڑنے کا خوف ہو تو اس کو غسل دے کر نماز پڑھ کر سمندر میں ڈال دیا جائے۔
س116: کس صورت میں میت کو دوسری جگہ منتقل کرنا جائز ہے؟
ج: اگر زمین چھینی ہوئی ہو یا شفعہ کے طور پر لے لی گئی اور زمین کا مالک میت کو رکھنے میں راضی نہ ہو تو میت کو منتقل کر سکتے ہیں۔
س117: قبر کو کس صورت میں دوبارہ کھود سکتے ہیں؟
ج: اگر قبر میں سامان گر جائے اور زبردستی لیے ہوئے کفن کے لیے اور مال کے لیے جو میت کے ساتھ دفن ہوگیا ہو اس صورت میں دوبارہ کھود سکتے ہیں۔
س118: قبروں کی زیارت کرنا اور ان کے پاس سورتہ یس پڑھنا کیسا ہے؟
ج: مستحب ہے قبروں کی زیارت کرنا مردوں اور عورتوں کے لیے اور مستحب ہے ان کے پاس سورت یس پڑھنا۔
س119: قبر سے گھاس اور درخت کاٹنا کیسا؟
ن: مکروہ ہے قبر سے گھاس اور درخت کاٹنا اور سوکھی ہوئی گھاس کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
س120: شہید کسے کہتے ہیں؟
ج: شہید وہ ہے جسے قتل کیا ہو حربی کافروں نے یا باغیوں نے یا ڈاکوؤں نے یا چور نے اس کے گھر میں رات کے وقت۔

س121: شہید کو کس چیز سے کفن دیں گے؟
ج: شہید کو کفن دیا جائے گا اس کے خون اور کپڑوں سے اور اس کی نماز جنازہ پڑھے بغیر غسل کے۔
س122: جنگ کے بعد پورانا ہونے سے کیا مراد ہے؟
ج: پورانا ہونے سے مراد کوئی شخص کھائے پیے یا سوے یا دعا کرے یا گزر جائے اس پر نماز کا وقت ۔
س123: روزہ سے کیا مراد ہے؟
ج: روزہ سے مراد رک جانا دن کے وقت کوئی شے داخل کرنے سے جان بوجھ کر یا بھولے سے پیٹ میں یا جو پیٹ کے حکم میں ہے اور رک جانا فرج کی شہوت سے نیت کے ساتھ جو اس کے اھل کے لیے ہے۔
س124: رمضان کے روزے کے واجب ہونے کا سبب کیا ہے؟
ج: رمضان کے روزے کے واجب ہونے کا سبب اس کے کسی جزء کا پایا جانا اور رمضان کا ہر دن اس کا روزہ ادا کرنے کے لیے سبب ہے۔
س125: رمضان کے روزے کس پر فرض ہیں؟
ج: رمضان کے روزے فرض ہونے کے لیے چار چیزیں ہیں۔۔ •
مسلمان ہونا • عاقل ہونا• بالغ ہونا• اس کے واجب ہونے کا علم ہونا جو اسلام لایا دارالحرب میں یا دارالاسلام میں ہونا۔
س126: رمضان کے روزے کے ادا کرنے کے لیے کتنی چیزیں واجب ہیں؟
ج: تندرست ہونا مرض سے اور حیض ونفاس سے۔
س127: رمضان کے روزے کا کیا حکم ہے؟
ج: ساقط ہو جانا ذمے کا واجب سے اور اس کا ثواب آخرت میں ہے۔
س128: روزے کو کتنی قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
ج: روزے کو چھ قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔• فرض• واجب•
مسنون•مستحب•نفل•مکروہ•
س129 :کونسا روزہ رکھنا واجب ہے؟
ج: ہر وہ نفل روزہ رکھنا واجب ہے جو رکھ کر توڑ دیا جائے۔
س130: ایام بیض کیا ہیں؟اور ان میں روزے رکھنا کیسا؟
ج: ہر ماہ کی تیرہ؛چودہ اور پندرہ تاریخ کو ایام بیض کہتے ہیں۔ان دنوں روزے رکھنا مستحب ہے۔

س131: کس دن روزہ رکھنا مکروہ تحریمی اور کس دن مکروہ تنزیہی ہے؟
ج: اکیلا دس محرم الحرام کا روزہ رکھنا مکروہ تنزیہی ہے اور عیدین اور ایام تشریق کے روزے رکھنا مکروہ تحریمی ہے۔
س132: صوم وصال سے کیا مراد ہے؟
ج: صوم وصال سے مراد ہے کہ کوئی شخص روزہ رکھے اور افطار نہ کرے یہاں تک کہ وہ روزہ اگلے روزے سے مل جائے۔
س133: کن روزوں میں نیت متعین کرنا اور رات کو نیت کرنا ضروری نہیں ہے؟
ج: رمضان کے ادا روزے۔•نظر کا روزہ جس کا زمانہ متعین ہو۔•نفل روزہ۔
س134: نصف النہار کب تک ہے؟
ج: نصف النہار طلوع فجر سے لے کر ضحوی کبرا کے وقت تک ہے۔
س135: رمضان کا روزہ کسی دوسرے واجب کی نیت سے ادا کرنا کیسا؟
ج: رمضان کا روزہ کسی دوسرے واجب کی نیت سے ادا کرنا درست ہے مگر جو تندرست اور مقیم ہو۔
س136: کن روزوں میں نیت متعین کرنا اور رات کو نیت کرنا ضروری ہے؟
ج:رمضان کے قضا روزے•اس نفل روزے کی قضا جو رکھ کر توڑ دیا۔•کفارے کے روزے اسکی تمام قسموں کے ساتھ•نظر مطلق کے روزے۔
س137: رمضان کیسے ثابت ہوتا ہے؟
ج: رمضان ثابت ہوتا ہے رمضان کا چاند دیکھنے سے یا تیس شعبان گزر جانے سے۔
س138: یوم شک سے کیا مراد ہے؟
ج: یوم شک وہ ہے جو انیتس شعبن سے ملا ہوا ہو اور تحقیق برابر ہو اس میں جاننے اور نہ جاننے والوں کا پہلو یعنی کہ چاند چھپا ہوا ہو۔
س139: یوم شک کا روزہ رکھنا کیسا؟
ج:یوم شک کا روزہ رکھنا مکروہ ہے لیکن نفل روزہ رکھ سکتے ہیں جس کا ارادہ پختگی سے کیا ہو بغیر تذبذب کے اس نفل روزے اور کسی دوسرے روزے کے درمیان۔
س140: یوم شک کے دن مفتی کیا کرے؟
ج: یوم شک کے دن مفتی حکم دے عوام کو انتظار کرنے کا پھر افطار کرنے کا جب نیت کا وقت گزر جائے۔روزہ رکھے مفتی قاضی اور جو خواص میں سے ہو۔

س141: چاند دیکھنے کے لیے کس چیز کی شرط نہیں لگائی گئی؟
ج: چاند دیکھنے کے لیے شرط نہیں لگائی گئی لفظ شہادت کی اور نہ دعویٰ کرنے کی۔
س142: رمضان اور عید الفطر کے علاوہ باقی چاندوں کے لیے کتنے لوگوں کا دیکھنا ضروری ہے؟
ج: رمضان اور عید الفطر کے علاوہ باقی چاندوں کے لیے دو آزاد عادل مردوں یا ایک آزاد عادل مرد اور دو آزاد عادل عورتوں کا ہونا ضروری ہے۔
س143: اگر کوئی صبح کے وقت چاند دیکھے تو اس کا کیا حکم ہے؟
ج: اگر کوئی صبح کے وقت چاند دیکھے تو اس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔کیونکہ وہ آنے والی رات کا چاند ہے اگرچہ وہ زوال سے پہلے دیکھے یا بعد میں۔
س144: کون سی چیزیں روزے کو فاسد نہیں کرتی کوئی پانچ لکھیں؟
ج: • تیل لگانا • غیبت کرنا • پچھنے لگوانا • جنبی ہونا • بھول کر کھانا پینا یا جماع کرنا

## 80٪ سے تفصیلی سوالات

س1: نوافل کے احکام کے بیان پر تفصیلی نوٹ لکھیے؟
س2: نماز تراویح کے احکام پر نوٹ لکھیے؟
س3 : مسافر کی نماز کے بیان پر نوٹ لکھیے؟
س4: نماز اور روزے کی معافی کے بیان کی وضاحت کریں؟
س5: قضا نمازوں کی ادائیگی کے بیان پر نوٹ لکھیے؟
س6: سجدہ سہو کے بیان پر نوٹ لکھیے؟
س7: سجدہ تلاوت کے احکام پر نوٹ لکھیے؟
س10: نماز جمعہ کے فرض ہونے کی شرائط اور جمعہ کے صحیح ہونے کی شرائط لکھیں؟
س11: جمعہ کے خطبے کی سنتیں تحریر کریں؟
س12: عید الفطر میں کتنی اور کون کون سی چیزیں مستحب ہیں؟
س14: نماز عید کے احکامات کی وضاحت کریں؟
س15: صلوۃ الکسوف اور صلاۃ الخسوف کی وضاحت کریں؟
س16: نماز استسقاء پر نوٹ لکھیے؟
س17: نماز خوف ادا کرنے کا طریقہ بیان کریں؟
س18: میت کو غسل دینے کا طریقہ لکھیے؟
س19: احکام الجنائز پر مفصل نوٹ لکھیں؟
س20: نماز جنازہ میں امامت کا مستحق کون ہے نیز کن لوگوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی؟
س21: نماز جنازہ کو اٹھانے اور اس کو دفن کرنے کے بیان پر نوٹ لکھیے؟
س22: شہید کے احکام کی وضاحت کریں؟
س24: روزے کے بیان پر مفصل نوٹ لکھیں؟
س25: روزے کی اقسام مع تعریفات بیان کریں؟

**مرتب: حسنین طاہر معین الدین**